# SSC PUBLIC EXAMINATIONS 2024

## MODEL PAPER

**First Language - URDU**

**Class : 10** **Marks : 100** **Time : 3:15 Hrs.**

ہدایات برائے طلباء :

1) سوالیہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔

2) سوالیہ پرچہ کے مطالعہ کے لیے 15 منٹ اور جوابات لکھنے کے لیے تین گھنٹے کا وقت دیا گیا ہے۔

3) تمام سوالات کے جواب جوابی بیاض میں ہی لکھیں۔

4) جوابات واضح، صاف ستھرے انداز میں لکھیں۔

حصّہ - I

**I** سمجھنا - ردِعمل ظاہر کرنا (32 نشانات)

**1**- نیچے دیے گئے بند میں سے کسی ایک بند پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ ( 8 )

خطا کار سے در گذر کرنے والا بداندیش کے دل میں گھر کرنے والا
مفاسد کا زیر و زبر کرنے والا قبائل کو شیر و شکر کرنے والا
اتر کر حرا سے سوئے قوم آیا اور اک نسخہء کیمیا ساتھ لایا

سوالات :

الف) - ان اشعار میں کس کی تعریف کی گئی ہے؟

ب) - خطا کار سے درگذر کرنے والے کون ہیں؟

ج) - قبائل کو شیر و شکر کرنے والے کون ہیں؟

د) - نسخہء کیمیا کسے کہتے ہیں؟

یا

**Turn Over**

نظر جھکائے عروس فطرت جبیں سے زلفیں ہٹا رہی ہے
سحر کا تارہ ہے زلزلے میں افق کی لو تھرتھرا رہی ہے
روش روش نغمہ طرب ہے چمن چمن جشن رنگ و بو ہے
طیور شاخوں پہ ہیں غزل خواں کلی کلی گنگنا رہی ہے

سوالات :

( ہ ) نظر جھکائے جبیں سے زلفیں کون ہٹا رہی ہے؟

( و ) لفظ '' عروس '' کے معنی کیا ہے؟

( ز ) سحر کا تارہ زلزلے میں آنے سے افق کی لو کیا کر رہی ہے؟

( ح ) طیور کہاں بیٹھے ہوئے ہیں؟

**2**۔ ذیل میں دیے گئے معلوم عبارت پڑھ کر سوالوں کے جواب لکھیے۔ ( **8** )

ایک بہت بڑے میدان میں جنگل کے تمام جانور اکھٹے تھے۔ جن کے چہرے سے غصّہ صاف عیاں ہو رہا تھا۔ جنگل کا بادشاہ شیر جو کہ ایک اونچے سے چبوترے پر بیٹھا اپنی غصے بھری بڑی بڑی آنکھوں کے ساتھ تمام جانوروں پر ایک اچٹتی سی نظر ڈالی پھر بارعب آواز میں بولا '' تمام جانور ایک ایک کر کے ہمارے حضور میں حاضر ہوں اور انسان کے خلاف بتائیں کہ انہیں انسان سے کیا شکایات ہیں۔ فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔

سوالات :

(الف) جنگل کے تمام جانور کہاں اکھٹے تھے؟

(ب) ان کے چہروں سے کیا عیاں ہو رہا تھا؟

(ج) جنگل کا بادشاہ کون ہے؟

(د) شیر کہاں بیٹھا ہوا تھا؟

3۔ مندرجہ ذیل جملوں کو ''دُرِ یتیم'' کے سبق کی مناسبت سے ترتیب وار لکھیے ۔ ( 8 )

(الف) کھانے کے انتظار میں گھر کے لوگ زمین پر بیٹھے ہیں۔

(ب) عبداللہ کے سر پر بادل کا ٹکڑا سایہ کیے ہوئے ہے۔

(ج) عبدالمناف کے گھرانے میں شکار کا گوشت آیا ہے۔

(د) ایک دن دوپہر کے وقت ایک قریشی چرواہا گھر بھاگا ہوا آیا اور کہنے لگا

4۔ ذیل کی نامعلوم عبارت پڑھ کر دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے ۔ ( 8 )

خلفائے راشدین میں تیسرے خلیفہ حضرت عثمان غنیؓ ہیں۔ان کے والد کا نام حضرت عفانؓ تھا۔آپ کا تعلق قریش کے شریف اور اعلیٰ خاندان سے تھا۔آپ حضرت محمد ﷺ کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے۔حضرت ابوبکرؓ کی دعوت پر اسلام قبول کیا۔ آپ سابقین اولین میں سے ہیں اور آپ کا شمار عشرۂ مبشرہ میں ہوتا ہے۔

سوالات:

1۔ خلفائے راشدین میں تیسرے خلیفہ کون ہیں؟

2۔ آپ کے والد کا نام کیا تھا؟

3۔ آپ کن کے قریبی رشتہ داروں میں سے تھے؟

4۔ آپ کا شمار کس میں ہوتا ہے؟

## حصّہ - II

II اظہارِ مافی الضمیر ۔ تخلیقی اظہار [36 نشانات ]

الف) ذیل کے سوالوں کے جواب 4 یا 5 جملوں میں لکھیے ۔ 3 x 4 = 12

5۔ نسخۂ کیمیا کسے کہا گیا اور کیوں؟

6۔ دیس کو کیسے لوگوں کی ضرورت ہے اور کیوں؟

7۔ حضرت عبداللہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ب) ذیل کے سوالوں کے جواب 8 یا 10 جملوں میں لکھیے ۔ 3 x 8 = 24

8۔ نظم ''نعت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

یا

نظم ''البیلی صبح'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے ۔

9۔ حضور اکرم ﷺ کو رحمتہ العالمین کیوں کہا جاتا ہے، تحریر کیجیے؟

یا

سب سے پہلے ایمان کی سعادت حاصل کرنے والے خوش نصیب کون کون تھے؟

10۔ آپ اپنے والد کو خط لکھ کر بتایئے کہ آپ کی تعلیمی سرگرمیاں کس طرح چل رہی ہیں؟

یا

مادری زبان اردو پر ایک مضمون لکھیے ۔

## حصّہ - III

° زبان شناسی [32 نشانات ]

الف) نیچے دیے گئے سوالات کے ہدایات کے مطابق جواب لکھیے ۔ 9x2=18

11۔ نعت کسے کہتے ہیں؟ 2 نشان

12۔ علم بیان کسے کہتے ہیں؟ 2 نشان

13۔ ذیل کے سوالوں کے مناسب جواب لکھیے ۔

(الف) طیور درختوں پر اپنا بسیرا کرتے ہیں۔ لفظ ''طیور'' کے معنی لکھیے ۔ 2 نشان

(ب) خطا کار سے درگذر کرنے والا۔ لفظ ''درگزر'' کے معنی لکھیے ۔

14۔ (الف) آدمی رفتہ رفتہ ترقی کرتا ہے۔ لفظ ''رفتہ رفتہ'' کا ضد لکھیے ۔ 2 نشان

(ب) وہ ایک خوشحال آدمی ہے ۔ لفظ ''خوشحال'' کا ضد لکھیے ۔

15۔ ذیل کے خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجیے۔

(الف) لڑکا کیا ہے چندے آفتاب چندے......................۔ (          ) 2 نشان

(a) طیور (b) شلوکا (c) اُفق (d) مہتاب

(ب) میں نے عید کے لیے نیا.................اور شلوار خریدا ہے۔ (          )

(a) طیور (b) شلوکا (c) اُفق (d) مہتاب

16۔ (الف) کلام میں حقیقی معنی چھوڑ کر مرادی معنی لینا کیا کہلاتا ہے۔ (          ) 2 نشان

(a) کنایہ (b) استعارہ

(ب) وہ صنف جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوتے ہیں۔ (          )

(a) مسدس (b) رباعی (c) قطعہ (d) غزل

17۔ (الف) لفظ ''صوت'' کا مترادف لکھیے۔ 2 نشان

(ب) شاعر نے نظم ''البیلی صبح'' میں شبنم کو کس سے تشبیہ دی ہے (          )

(a) ہیرے کی (b) لوہے کی (c) سونے کی (d) چاندی کی

18۔ ''غم کھانا'' اس محاورے کو جملے میں استعمال کیجیے۔ 2 نشان

19۔ تشبیہہ کسے کہتے ہیں 2 نشان

☆ حسب ذیل سوالوں کے مناسب جواب لکھیے 14 x 1 = 1

20۔ نظم کے لغوی معنی کیا ہے۔ 1 نشان

21۔ حضور اکرم ﷺ کے والدہ ماجدہ کا نام لکھیے؟ 1 نشان

22۔ لفظ ''پہاڑ'' کا مترادف لکھیے۔ 1 نشان

23۔ لفظ ''مناظر'' کا واحد لکھیے۔ 1 نشان

24۔ حروف شمسی کی ایک مثال لکھیے۔ 1 نشان

25۔ مرزا اسداللہ خاں غالب کہاں پیدا ہوئے؟ 1 نشان

26۔ اے پی جے عبدالکلام کہاں پیدا ہوئے ؟ ( تامل ناڈو یا آندھرا میں ) 1 نشان

27۔ حضور اکرم ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟ ( مکہ یا مدینہ میں ) 1 نشان

28۔ تین حرفی لفظ کو کیا کہتے ہیں؟ ( سبب یا وتد ) 1 نشان

29۔ نظم ''البیلی صبح'' کے شاعر کون ہیں؟ 1 نشان

30۔ ماہرین عروض نے کل کتنے اوزان مقرر کیے ہیں ؟ 1 نشان

31۔ اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے۔ 1 نشان

32۔ کسی بات کو جانتے ہوئے بھی اس سے انجان رہنا کیا کہلاتا ہے۔ 1 نشان

33۔ گاؤں میں کسی کو پانی پلانے سے پہلے کیا پیش کیا جاتا ہے 1 نشان

☆☆☆

**S.S.C Examinations . First Language ( URDU )**

# BLUE PRINT FOR MODEL PAPER 2024

**SUBJECT : URDU** **MAX.Marks : 100** **Time : 3 Hrs.15 Mins**

## I . ALLOCATION OF MARKS

استعداد واری میزانی جدول

| فیصد | نشانات | استعدادیں | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|
| 32% | 32 | سمجھنا۔ رد عمل ظاہر کرنا | 1 |
| 36% | 36 | اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی اظہار | 2 |
| 32% | 32 | زبان شناسی | 3 |
| | 100 | جملہ | |

## II . ALLOCATION OF THE TOPICS

موضوعاتی میزانی جدول

| فیصد | نشانات | موضوعات | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|
| 20% | 20 | حصۂ نظم | 1 |
| 20% | 20 | حصۂ نثر (معلوم نامعلوم اقتباسات) | 2 |
| 20% | 20 | سرسری مطالعہ | 3 |
| 08% | 08 | نظم یا نثر سے تخلیقی سوال | 4 |
| 32% | 32 | زبان شناسی | 5 |
| 100% | 100 | جملہ | |

# III . WEIGHTAGE FORM OF QUESTIONS

## FIRST LANGUAGE URDU

### سوالات کا میزان واری جدول

| سلسلہ نشان | سوالات کے اقسام | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | طویل جوابی سوالات | 07 | 08 | 56 | 56% |
| 2 | مختصر جوابی سوالات | 03 | 04 | 12 | 12% |
| 3 | مختصر ترین جوابی سوالات | 09 | 02 | 18 | 18% |
| 4 | ایک لفظی یا ایک جملے والے سوالات | 14 | 01 | 14 | 14% |
| | جملہ | 33 | | 100 | 100% |

## IV . X CLASS FIRST LANGUAGE URDU 2024

## BLUE PRINT

| جملہ | | | | زبان شناسی 32نشانات | | | اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی اظہار 36نشانات | | | سمجھنا۔ اظہار خیال کرنا 32نشانات | | | موضوعات | سلسلہ نشان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایک لفظی | مختصر ترین | مختصر جوابی | طویل جوابی | ایک لفظی | مختصر ترین | مختصر جوابی | ایک لفظی | مختصر جوابی | طویل | ایک لفظی | مختصر جوابی | طویل جوابی | | |
| | | (4)1 | (8)2 | | | | | (4)1 | (8)1 | | | (8)1 | حصہ نظم | 1 |
| | | (4)1 | (8)2 | | | | | (4)1 | | | | (8)2 | حصہ نثر | 2 |
| | | (4)1 | (8)2 | | | | | (4)1 | (8)1 | | | (8)1 | سرسری مطالعہ | 3 |
| | | | (8)1 | | | | | | (8)1 | | | | م یا تر سے تخلیقی سوال | 4 |
| (1)14 | (2)9 | | | (1)14 | (2)9 | | | | | | | | زبان شناسی | 5 |
| 14 | 18 | 12 | 56 | 14 | 18 | | | 12 | 24 | | | 32 | | |

نوٹ: قوسین میں دیے گئے نشانات سوالات کی تعداد ظاہر کررہے ہیں۔اور قوسین سے باہر دیے گئے نشانات سوالات کو ظاہر کررہے ہیں۔

## سوالات کا میزان واری جدول . V

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| I | سمجھنا۔ رد عمل ظاہر کرنا | 1 | معلوم نظم۔ سوالات | 8نشانات | مضمون کی شکل | حصہ نظم سے لیا جائے |
| | | 2 | معلوم نثر۔ سوالات | 8نشانات | مضمون کی شکل | حصہ نثر سے لیا جائے |
| | | 3 | سرسری مطالعہ۔ ترتیب وار | 8نشانات | مضمون کی شکل | در یتیم کی مناسبت سے ترتیب وار لکھا جائے |
| | | 4 | نامعلوم نثر | 8نشانات | مضمون کی شکل | نامعلوم نثر میں خط، عبارت دے کر سوالات کے جواب لکھا جائے۔ |
| نوٹ: اشعار کی تشریح اور اشعار کی خانہ پری جیسے سوالات ہٹادئے گئے ہیں۔ | | | | | | |
| II | اظہار مافی الضمیر۔ تخلیقی اظہار | 5 | نظم: مواد سے سوال | 4نشانات | مختصر ترین | صرف نظم سے دیا جائے |
| | | 6 | نثر: مواد سے سوال | 4نشانات | مختصر ترین | صرف نثر سے دیا جائے |
| | | 7 | کردار سے متعلق سوال | 4نشانات | مختصر ترین | سرسری مطالعہ سے دیا جائے |
| | | 8 | خلاصہ | 8نشانات | طویل سوال | صرف نظم سے دیا جائے |
| | | 9 | نثر: مواد سے سوال | 8نشانات | طویل سوال | سرسری مطالعہ سے دیا جائے |
| | | 10 | تخلیقی مواد سے سوال | 8نشانات | طویل سوال | نظم اور نثر سے دیا جائے |

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| III | زبان شناسی | 11 | صنف کا تعارف | 2 نشان | مختصر ترین شکل | کسی ایک صنف کے متعلق دیا جائے |
| | | 12 | قواعد | 2 نشان | مختصر ترین شکل | قواعد سے کوئی ایک سوال دیا جائے |
| | | 13 | لفظیات | 2 نشان | مختصر ترین شکل | الفاظ معنی سے دو سوال ہوں |
| | | 14 | لفظیات | 2 نشان | مختصر ترین شکل | ضد سے متعلق دو سوال ہوں |
| | | 15 | لفظیات | 2 نشان | مختصر ترین شکل | خالی جگہ کو پر کرنے کے دو سوال ہوں |
| | | 16 | قواعد | 2 نشان | مختصر ترین شکل | قواعد کے معروضی سوالات ہوں |
| | | 17 | لفظیات | 2 نشان | مختصر ترین شکل | مترادفات کے دو سوال ہوں |
| | | 18 | قواعد | 2 نشان | مختصر ترین شکل | محاورہ کو جملے میں استعمال کرنے کا ایک سوال |
| | | 19 | قواعد | 2 نشان | مختصر ترین شکل | قواعد کا ایک سوال ہو |
| | | 20 | صنف | 1 نشان | ایک لفظی جواب | کوئی ایک صنف کے متعلق سوال |
| | | 21 | سرسری مطالعہ | 1 نشان | ایک لفظی جواب | سرسری مطالعہ سے ایک سوال |
| | | 22 | لفظیات | 1 نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |
| | | 23 | لفظیات | 1 نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |
| | | 24 | قواعد | 1 نشان | ایک لفظی جواب | قواعد کا ایک سوال ہو |
| | | 25 | لفظیات | 1 نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |

| سلسلہ نشان | تعلیمی معیارات | سوال نمبر | سوالات کی شکل | نشانات | سوالات کی نوعیت | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| III | زبان شناسی | 26 | لفظیات | 1نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |
| | | 27 | سرسری مطالعہ | 1نشان | ایک لفظی جواب | سرسری مطالعہ سے ایک سوال |
| | | 28 | قواعد | 1نشان | ایک لفظی جواب | قواعد کا ایک سوال ہو |
| | | 29 | لفظیات | 1نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |
| | | 30 | قواعد | 1نشان | ایک لفظی جواب | قواعد کا ایک سوال ہو |
| | | 31 | لفظیات | 1نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |
| | | 32 | قواعد | 1نشان | ایک لفظی جواب | قواعد کا ایک سوال ہو |
| | | 33 | لفظیات | 1نشان | ایک لفظی جواب | لفظیات میں سے ہوں |